وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی ٹیم 26 فروری کو حضرو میں کھلی کچہری لگائے گی

وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کریں گے

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر ہارون سکندر پاشا کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی ٹیم 26 فروری (بدھ) کو تحصیل ہیڈکوارٹرز حضرو ضلع اٹک میں دن گیارہ بجے کھلی کچہری لگائے گی جس میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران بھی موجود ہوں گے۔ وفاقی محتسب کے افسران، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سن کران کے ازالے کے لئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ہدایات دیں گے۔ واضح رہے کہ یہ کھلی کچہری عوام کو وفاقی محتسب کی طرف سے ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے پروگرام Outreach Complaint Resolution(OCR) کا حصہ ہے۔ وفاقی محتسب نے بجلی، گیس، نادرا، بےنظیر انکم سپورٹس پروگرام، پاسپورٹ آفس، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس سمیت وفاقی اداروں کے متعلقہ حکام کو کھلی کچہری میں شریک ہونے کی ہدایت کی ہے۔ عوام الناس کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے خلاف شکایات پیش کرسکتے ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333-5333266

24 فروری 2025ء